# عذر کی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکنے پر روزے کا ثواب

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کسی کی نیت تھی کہ کل عاشورا کا روزہ رکھوں گی لیکن اس کو رات ہی میں حیض آگیا اور وہ اس مجبوری کی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکی تو کیا اس کو ثواب ملے گا؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

ہماری شریعت مطہرہ کا یہ احسان عظیم ہے کہ اگر کوئی مسلمان کسی نیک کام کو کرنے کی پکی نیت کرلے اور پھر کسی عذر کی وجہ سے اس عمل کو سر انجام نہ دے سکے، تب بھی نیت کرنے والے کو اس کی نیت پر ایک نیکی کا ثواب مل جاتا ہے، البتہ اس نیک عمل کو سر انجام دینے کا ثواب عمل کرنے پر ہی ملے گا۔ لہٰذا پوچھی گئی صورت میں ان شاء اللہ عزوجل، اس خاتون کو روزے کی نیت کا ثواب ملے گا۔

مشکاۃ المصابیح میں حدیث معراج میں ہے "من هم بحسنة فلم يعملها كتبت له حسنة فإن عملها كتبت له عشرا" یعنی: (اللہ تبارک و تعالی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا کہ) جس نے کسی نیکی کا ارادہ کیا پھر وہ اس نیکی کو نہ کرسکا تو اس کیلئے ایک نیکی لکھ دی جائے گی اور اگر اس نے وہ عمل کرلیا تو اس کیلئے دس نیکیاں لکھ دی جائیں گی۔

اس کے تحت مرقاۃ المفاتیح میں ہے "(من هم بحسنة) أي: عزم على فعلها (فلم يعملها): لمانع شرعي أو عذر عرفي (كتبت له) أي: لعاملها (حسنة)۔۔۔أي ثواب حسنة واحدة" ترجمہ: جس نے کسی نیکی کا ارادہ کیا یعنی اس نیکی کو سر انجام دینے کا پکا قصد کیا پھر وہ اس نیکی کو شرعی رکاوٹ یا عرفی عذر کی وجہ سے نہ کرسکا تو اس نیت کرنے والے کے لیے ایک نیکی کا ثواب لکھ دیا جائے گا۔ (مرقاۃ المفاتیح، جلد09، صفحہ3767، حدیث: 5863، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت)

علامہ علی قاری اسی میں فرماتے ہیں: "يثاب على النية المجردة" ترجمہ: صرف نیک عمل کی نیت پر بھی ثواب لکھا جائے گا۔ (مرقاۃ المفاتیح، جلد01، صفحہ44، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت)

حکیم الامت حضرت مفتی احمد یار خان صاحب نعیمی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں : "نیکی کا ارادہ بھی نیکی ہے ، اس پر بھی ثواب ہے ، مگر ثواب اور چیز ہے ، اداء فرض اور چیز لہٰذا صرف ارادہ سے فرض ادا نہ ہوگا۔" (مرآۃ المناجیح، جلد 03، صفحہ 384، مطبوعہ : نعیمی کتب خانہ، گجرات)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا محمد سعید عطاری مدنی

فتوی نمبر : WAT-4015

تاریخ اجراء : 18 محرم الحرام 1447ھ/14 جولائی 2025ء